## سوال

جنت میں حور کی تعداد

## جواب

جنت میں کتنی حوریں ملیں گی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ جنت میں ایک مومن بندے کو کم از کم کتنی حوریں ملیں گی۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! یہ امور غیب سے تعلق رکھتے ہیں، لیکن احادیث کی روشنی میں جو ثبوت ملتا ہے وہ یہ کہ ہر جنتی کو کم از کم دو دو حوریں ملیں گی۔ سیدنا ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم نے جنتیوں کی صفات بیان کرتے ہوئے فرمایا: لکل واحد منھم زوجتان یری مخ سوقھما من وراء اللحم، من الحسن (بخاری: 3245) ان جنتیوں میں سے ہر ایک کے لئے دو دو بیویاں ہوں گی، وہ حسن کی وجہ سے ان کی پنڈلیوں کی مخ گوشت میں سے دیکھ رہے ہوں گے۔ اور ابن ماجہ (4337) کی جس روایت میں 72 حوروں کا تذکرہ ہے، اسے حافظ ابن حجر نے فتح الباری (6/325) میں ضعیف قرار دیا ہے۔ ہاں البتہ شہداء کے بارے میں صحیح روایات سے ثابت ہے کہ ان کو 72 حوریں عطا کی جائیں گی۔ نبی کریم نے جنتیوں کی صفات بیان کرتے ہوئے فرمایا: ویزوج اثنتین وسبعین زوجۃ من الحور العین (ترمذی: 1663 قال الالبانی صحیح) وہ 72 حور عین بیویوں سے شادی کریں گے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث